الشریعہ اکادمی میں ہفتہ وار فکری نشستوں کا آغاز

۹ جنوری ۲۰۰۸ کو الشریعہ اکادمی گوجرانوالہ میں مولانا زاہد الراشدی کے ہفتہ وار لیکچرز کے سال نو کے پروگرام کے آغاز پر ایک تقریب منعقد ہوئی جس کی صدارت پاکستان شریعت کونسل پنجاب کے سیکرٹری جنرل مولانا قاری جمیل الرحمٰن اختر نے کی اور شہر کے سرکردہ علماے کرام اور دیگر ارباب دانش نے اس میں شرکت کی۔

پاکستان شریعت کونسل کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل اور ماہنامہ ''نور علیٰ نور'' کراچی کے چیف ایڈیٹر مولانا عبد الرشید انصاری نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک کے دینی حلقے مغرب کی تہذیبی یلغار اور فکری حملے کا متحد ہو کر ہی مقابلہ کر سکتے ہیں اور اس کے لیے تمام دینی مکاتب فکر اور علمی مراکز کی باہمی مشاورت کا کوئی مربوط نظام قائم کرنا چاہیے۔ انھوں نے کہا کہ نوجوان علما کو بطور خاص اس طرف توجہ دینی چاہیے کہ وہ آج کی عالمی فکری اور تہذیبی کشمکش کے بارے میں معلومات حاصل کریں اور صورت حال کا پوری طرح ادراک کرتے ہوئے اس عالمی تناظر میں قرآن وسنت کی صحیح ترجمانی کے لیے خود کو تیار کریں۔

صدر نشست مولانا قاری جمیل الرحمٰن اختر نے مولانا زاہد الراشدی کی یادداشتوں کے اس پروگرام پر خوشی کا اظہار کیا اور کہا کہ اس طرح گزشتہ نصف صدی کی پوری تاریخ ہمارے سامنے آ جائے گی

پروگرام کے مطابق مولانا زاہد الراشدی ہر بدھ کو مغرب کی نماز کے فوراً بعد الشریعہ اکادمی میں اپنی پینتالیس سالہ دینی، سیاسی اور فکری جدوجہد کی یادداشتیں ترتیب وار بیان کریں گے۔